# بہترین ازدواجی زندگی کے لیےسیرت فاطمی سے ایک خوبصورت پیغام

<"xml encoding="UTF-8?>

بہترین ازدواجی زندگی کے لیےسیرت فاطمی سے ایک خوبصورت پیغام



امام محمد باقر علیہ السلام سے یہ روایت ہے کہ حضرت زہراء علیہا السلام نے مولای کائنات سے عہد کیاکہ وہ گھر کے کام بجا لائیں گی اور آٹا گوندھنا،روٹی پکانا اور گھر کی صفائی ستھرائی کا  کام کریں گی اور اسی طرح مولای کائنات  نے حضرت زہراء سلام اللہ علیہا سے عہد کیاکہ وہ گھر کے باہرکے  کام بجا لائیں گے اور لکڑیاں جمع کرنا،کھانے کی چیزیں(گندم،جو اور چاول وغیرہ)لانا انکی ذمہ داری ہوگی۔
ایک دن امیرالمومنین علیہ السلام نے شہزادی سے پوچھا :کھانے کو کچھ ہے؟
تو آپ نے جواب دیا: اس خدا کی قسم  جس نے آپ کے حق کو عظیم قرار دیا تین دن سے گھر میں کچھ نہیں جس سے آپ کی خاطر تواضع کرسکوں۔
فرمایا:پھر آپ نے مجھے اس بارے میں بتایا کیوں نہیں؟
فرمایا:اللہ کے رسولؐ نےمجھے اس بارے میں منع فرمایا ہے کہ میں آپ سے کسی چیز کا تقاضا کروں ۔بابانے فرمایا:اگر تمہارے چچا کا بیٹا (یعنی حضرت علیؑ)کچھ لے آئیں تو بہت اچھی بات ہے وگرنہ تم نے تقاضا نہیں کرنا۔ (1)

-----------------------------------------

(1)عن سيف عن نجم عن أبي جعفر ع قال إن فاطمة ع ضمنت لعلي ع عمل البيت و العجين و الخبز و قم البيت و ضمن لها علي ع ما كان خلف الباب من نقل الحطب- و أن يجيء بالطعام، فقال لها يوما: يا فاطمة هل عندك شيء قالت: لا و الذي عظم حقك- ما كان عندنا منذ ثلاثة أيام شيء نقريك به- قال أ فلا أخبرتني قالت: كان رسول الله ص نهاني أن أسألك شيئا- فقال: لا تسألي ابن عمك شيئا- إن جاءك بشيء عفو و إلا فلا تسأليه۔
تفسیر عیاشی ج ١ ص ١٧١